Bilateral Meeting between Prime Minister and the Prime Minister of UK on the sidelines of COP26 in Glasgow

November 01, 2021

اور مودی اعظم وزیر پر موقع کے اجلاس چوٹی 26-پی او سی میں گلاسگو ملاقات طرفہ دو درمیان کے اعظم وزیر کے برطانیہ

نومبر 2021 01

1.وزیر اعظم نریندر مودی نے یکم نومبر 2021 کو گلاسگو میں منعقد سی او پی-26 عالمی رہنماؤں کے سربراہ اجلاس کے موقع پر برطانیہ کے وزیر اعظم جناب بورس جانسن سے ملاقات کی۔

2. وزیر اعظم نے پی ایم جانسن کو سی او پی-26 کے کامیاب انعقاد اور ماحولیاتی تبدیلی میں تخفیف اور موافقت کیلئے عالمی اقدامات میں چیمپئن بننے میں ان کی ذاتی قیادت کیلئے مبارکباد دی۔انہوں نے آئی ایس اے اور سی ڈی آر آئی کے تحت مشترکہ اقدامات سمیت ماحولیاتی فائننس ،ٹیکنالوجی اختراع اور موافق گرین ہائیڈروجن ،قابل تجدید ذرائع اور صاف ٹیکنالوجی پر برطانیہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کےعزم کا اعادہ کیا ۔

3. دونوں وزرائے اعظم نے روڈ میپ 2030 کی ترجیحات خاص طور پر تجارت اور معیشت ،تعلقات عامہ ،صحت ،دفاع اور سلامتی کے شعبوں کے نفاذ کا جائزہ لیا ۔انہوں نے آزاد تجارتی معاہدہ کے مذاکرات کی شروعات کیلئے کئے گئے اقدامات سمیت تجارتی شراکت داری میں اضافے کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

4. دونوں لیڈروں نے افغانستان ،انسداد ہشت گردی ،ہند بحر الکاہل خطہ ،سپلائی چین میں لچیلا پن اور کووڈ کے بعد عالمی معیشت کے ابھرنے سمیت علاقائی اور عالمی چیلنجوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

5. وزیر اعظم نے بھارت میں جلد وزیر اعظم جانسن کے خیر مقد م کیلئے اپنی خواہش کا اعادہ کیا۔

گلاسگو

نومبر 2021 01

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.